فائر فائٹنگ کے شعبے میں شمولیت کی اپنی خواہش کی تکمیل تلاش کریں! Mississauga اب 2024 کے لیے فائر فائٹرز بھرتی کر رہا ہے

**اس معلومات کا دوسری زبانوں میں بھی ترجمہ کیا گیا ہے۔*

Mississauga Fire and Emergency Services (MFES) اپنی متحرک ٹیم کے لیے نئی بھرتیاں کر رہا ہے، جو Mississauga کے لوگوں، املاک اور ماحول کا تحفظ کرنے کے لیے کام کرتی ہے۔ موقع پر اور ورچوئل اوپن ہاؤس نشستوں کا ایک سلسلہ اپریل، مئی اور جون میں ان لوگوں کے لیے منعقد کیا جائے گا جو Mississauga فائر فائٹر بننے کے طریقے کے بارے میں جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان نشستوں میں شرکاء فائر فائٹر کے عہدوں اور بھرتی کے عمل کے بارے میں جانیں گے۔ درخواستیں وصول کرنے کا مرحلہ 15 جون تا 10 جولائی 2023 تک بذریعہ: jobs.mississauga.ca جاری رہے گا۔

اوپن ہاؤس کی تفصیلات

کیا:
MFES فائر فائٹر کے طور پر کیریئر بنانے پر غور کرنے والے افراد کے لیے اوپن ہاؤس نشستوں کا ایک سلسلہ۔ ان نشستوں میں Mississauga فائر فائٹرز کے ذاتی تجربات، ملازمت کے لیے درخواست اور بھرتی کے عمل کے متعلق معلومات اور ساتھ ہی ساتھ سوالات پوچھنے کا موقع بھی شامل ہو گا۔ رجسٹریشن لازمی ہے۔

کہاں اور کب؟

تاریخ اور وقت	**مقام**
موقع پر منعقد کی جانے والی نشستیں	
بروز منگل، 11 اپریل 2023 شام 6 تا 8 بجے تک رجسٹر کریں	Fire Station 105 7101 Goreway Dr., Mississauga, ON L4T 2T5
بروز جمعہ، 21 اپریل 2023 شام 6 تا 8 بجے تک رجسٹر کریں	Fire Station 101 15 Fairview Rd. W., Mississauga, ON L5B 1K7 **توجہ فرمائیں: یہ خواتین کی معلوماتی نشست ہو گی۔** یہ نشست سب کے لیے کھلی ہے لیکن فائر فائٹنگ کے شعبے میں خواتین پر زیادہ توجہ دی جائے گی۔ اس نشست کے دوران، ذاتی کہانیاں سنیں اور کیریئر کے مشوروں اور ترقی کے مواقع کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔
بروز ہفتہ، 29 اپریل، 2023 صبح 10 بجے تا دوپہر تک رجسٹر کریں	Fire Station 120 125 Eglinton Ave W., Mississauga, ON L5M 0P4
بروز ہفتہ، 13 مئی، 2023 صبح 10 بجے تا دوپہر تک رجسٹر کریں	Fire Station 122 3600 Thomas St., Mississauga, ON L5M 7E2
ورچوئل نشست یہ نشتیں ان لوگوں کے لیے تجویز کی جاتی ہیں جو فاصلے یا وقت کی کمی کی وجہ سے ذاتی طور پر منعقد کی جانے والی نشستوں میں شرکت نہیں کر سکتے۔	
بروز جمعہ، 26 مئی 2023 شام 7 تا 8 بجے تک	**ورچوئل نشست** رجسٹریشن کا لنک بہت جلد فراہم کر دیا جائے گا۔ منتظر رہیں!
بروز پیر، 5 جون 2023 شام 7 تا 8 بجے تک	**ورچوئل نشست** رجسٹریشن کا لنک بہت جلد فراہم کر دیا جائے گا۔ منتظر رہیں!

MFES میں بھرتی کیے جانے والے کامیاب امیدواروں کو نہایت معقول تنخواہ، دلکش مراعات اور پنشن کا منصوبہ بھی فراہم کیا جائے گا۔

اگر آپ یا آپ کا جاننے والا کوئی شخص ایک فائر فائٹر کے طور پر کیریئر بنانا چاہتا ہے، تو اب وقت آگیا ہے کہ بھرتی کے طریقہ کار، قابلیت اور Mississauga کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لیے درکار مہارتوں کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں۔ مزید معلومات کے لیے mississauga.ca/firefighterjobs پر جائیں یا اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو براہ کرم Firefighter.Recruitment@mississauga.ca سے رابطہ کریں۔

City of Mississauga میں کیریئرز

ایک آجر کے طور پر، City of Mississauga تسلیم کرتا ہے کہ اس کی متنوع افرادی قوت اس کی کامیابی کا ایک بہترین محرک ہے۔ سٹی تنوع، مساوات، سب کی شمولیت اور کام کی ایک قابل احترام جگہ کو فروغ دینے کی کوشش کرتا ہے تاکہ اس کی افرادی قوت میں اپنائیت کا جذبہ اجاگر ہو اور ان کی اہمیت کو تسلیم کیا جائے۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ:
سٹی آف مسی ساگا میڈیا ریلیشنز
media@mississauga.ca
905-615-3200 ایکسٹینشن 5232
ٹی ٹی وائی:905-896-5151